ریح نکلنے کا صرف احساس ہو، یقین نہ ہو تو وضو کا حکم

مجیب: مولانا عبد الرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3790

تاریخ اجراء: 01 ذوالقعدۃ الحرام 1446 ھ/29 اپریل 2025ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

وضو کرنے کے بعد اگر پیٹ میں گیس بنے اور انسان اسے روک لے، لیکن ایسا محسوس ہو کہ ہلکی سی گیس خارج ہو گئی ہے، مگر یقین نہ ہو کہ واقعی نکلی ہے یا نہیں، صرف احساس سا ہو تو ایسی صورت میں وضو برقرار رہے گا یا نہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

باوضو شخص کو جب تک ریح خارج ہونے کا یقین نہ ہو، اس وقت تک محض شک وشبہ سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

مسند احمد میں ہے ”عن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «إن الشيطان يأتي أحدكم وهو في صلاته، فيأخذ شعرة من دبره، فيمدها فيرى أنه قد أحدث، فلا ينصرف حتى يسمع صوتا، أو يجد ريحا“ ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی نماز میں ہوتا ہے اور شیطان اس کے پاس آکر اس کے پچھلے مقام سے کوئی بال کھینچتا ہے جس سے وہ خیال کرنے لگتا ہے کہ اس کا وضو جاتا رہا، ایسا ہو تو وہ نماز سے نہ پھرے یہاں تک کہ آواز سنے یا بو پائے۔ (مسند احمد، رقم الحدیث 11913، ج 18، ص 406، موسسۃ الرسالۃ)

مرقاۃ المفاتیح میں ہے: ”(حتی یسمع صوتا) أي صوت ریح یخرج منه (أو یجد ریحا) أي یجد رائحة ریح خرجت منه وهذا مجاز عن تیقن الحدث لأنهما سبب العلم بذلك“ ترجمہ: (یہاں تک کہ آواز سنے) سے مراد خارج ہونے والی ریح کی آواز ہے، (یا بو پائے) سے مراد خارج ہونے والی ریح کی بو ہے اور یہ حدث کا یقین ہونے سے مجاز ہے کیونکہ یہ دونوں (آواز و بو) حدث کے علم کا سبب ہیں۔ (مرقاۃ المفاتیح، ج 1، ص 360، 361، دار الفکر، بیروت)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”آواز سننے سے مراد ہے نکلنے کا یقین، اس سے معلوم ہوا کہ یقینی وضو مشکوک حدث سے نہیں جاتا۔“ (مرآۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 247، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

الاشباہ والنظائر میں ہے ”من تیقن الطهارة وشك في الحدث فهو متطهر“ ترجمہ: جسے طہارت کا یقین ہو اور حدث میں شک ہو تو وہ پاک ہی ہے۔ (الاشباہ والنظائر، ص 49، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net